


# پی سی بی نے ڈومیسٹک سیزن 20-2019کے لیےنئی پلیئنگ کنڈیشنز متعارف کروادیں

- فرسٹ کلاس کرکٹ میں نو ٹاس قانون کے مطابق مہمان ٹیم کو پہلے بولنگ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا
- بیٹنگ اور بولنگ میں کارکردگی کی بنیاد پر پوائنٹس تقسیم کیےجائیں گے
- سلو اوور ریٹ پر جرمانےکے قوانین میں بین الاقوامی معیار کے مطابق نظرثانی کردی گئی
- قائداعظم ٹرافی کے فائنل کو نتیجہ خیز بنانے کے لیے ایک اضافی رو ز دے دیا گیا
- پرامید ہیں کہ ڈومیسٹک کرکٹ کے لیے پلیئنگ کنڈیشنز میں تبدیلیاں قومی کھلاڑیوں میں بین الاقومی کرکٹ کی تیاری میں معاون ثابت ہوں گی، ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ پی سی بی ہارون رشید

**لاہور،5 ستمبر 2019ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈومیسٹک سیزن 20-2019 کے لیے نئی پلیئنگ کنڈیشنز متعارف کروادیں ہیں-پہلی بار فرسٹ کلاس کرکٹ میں نو ٹاس قانون کو متعارف کروادیا ہے۔ ڈومیسٹک سیزن 20-2019 کے لیے پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کے قوانین میں بھی تبدیلیاں کرتے ہوئے سلو اوور ریٹ کے باعث جرمانے کی شرح میں بھی اضافہ کردیا گیا ہے-قائداعظم ٹرافی کے پہلے راؤنڈ کاآغاز 14 ستمبر سے ہوگا۔

قومی کرکٹ کی تاریخ میں پہلی بار قائداعظم ٹرافی کی تاریخ میں نو ٹاس قانون متعارف کیا جارہا ہے۔ ملک کے سب سے پریمیئر کرکٹ ٹورنامنٹ میں مہمان ٹیم کے کپتان کو پہلے بولنگ کرنے کا اختیار ہوگا۔

ڈومیسٹک ٹورنامنٹ 20-2019 کے لیے پی سی بی پلیئنگ کنڈیشنز کی شق 13.4 کے مطابق مہمان ٹیم چاہے تو وہ ٹاس کیے بغیر پہلے بولنگ کرنے کا اختیار استعمال کرسکتی ہے۔ اگر فیصلہ اس کے برعکس ہوا تو میچ سے قبل دونوں کپتان ٹاس کرنے میدان میں جائیں گے۔

نیوٹرل وینیو پر میچ کی صورت میں شیڈول میں درج ہوم سائیڈ کونو ٹاس قانون پرعملدرآمدکا اختیار نہیں ہوگا۔

نو ٹاس قانون متعارف کروانے کا مقصد دونوں ٹیموں کو برابر مواقع فراہم کرنا ہے اور ہوم ایڈوانٹیج کے نام پر من پسند پچز کی تیاری کا خاتمہ کرنا ہے۔

**پوائنٹس سسٹم (فرسٹ اور سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ):**

ڈومیسٹک سیزن 20-2019 کے لیے پوائنٹس سسٹم میں چند تبدیلیا ں کی گئی ہیں۔ میچ کے نتیجے اور پہلی اننگ میں بیٹنگ اور بولنگ کے شعبوں میں کارکردگی کی بنیاد پر پوائنٹس کی تقسیم ہوگی۔

میچ کی فاتح ٹیم کو 16 پوائنٹس دئیے جائیں گے۔ میچ برابر ہونے کی صورت میں دونوں ٹیموں کو 9،9 پوائنٹس دئیے جائیں گےجبکہ میچ ڈرا ہونے کی صورت میں دونوں ٹیموں کو 5،5 پوائنٹس سے نوازا جائے گا۔

پہلی اننگ میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنےپر پوائنٹس کی تقسیم کا طریقہ کار واضح کردیا گیا ہے۔ کم از کم 110 اوورز کھیلنے کی صورت میں پہلی اننگ میں بیٹنگ میں بہتر کارکردگی کی بنیاد پر پوائنٹس کی تقسیم مندرجہ ذیل ہے:

- 200رنز پر 1 پوائنٹ
- 250 رنز پر 2 پوائنٹس
- 300 رنزپر 3 پوائنٹس
- 350 رنز پر 4پوائنٹس
- 400 رنز پر 5 پوائنٹس

پہلی اننگ میں بولنگ میں بہتر کارکردگی کی بنیاد پر پوائنٹس کی تقسیم مندرجہ ذیل ہے:

- 3 وکٹوں پر 1 پوائنٹ
- 6 وکٹوں پر 2 پوائنٹس
- 9 وکٹوں پر 3 پوائنٹس

**قائداعظم ٹرافی فائنل ( 9 سے 13 دسمبر، نیشنل اسٹیڈیم کراچی):**

قائداعظم ٹرافی فرسٹ کلاس کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ ڈرا ہونے کی صورت میں میچ کے نتیجے کا فیصلہ پہلی اننگ میں کارکردگی بنیاد پرحاصل کیے گئے پوائنٹس کی صورت میں کیا جائےگا۔ اگر فائنل میچ میں دونوں ٹیموں کے درمیان پہلی اننگز مقررہ 5 روز میں مکمل نہ ہوئی تو میچ مزید ایک روز تک جاری رہے گا۔اگر دونوں ٹیموں کی پہلی اننگز 6 روز میں بھی مکمل نہ ہوئی تو دونوں ٹیموں کو ایونٹ کا مشترکہ فاتح قرار دے دیا جائے گا۔

**سلو اوور ریٹ پرجرمانے کےقوانین میں نظرثانی:**

پی سی بی کی جانب سے آئندہ سیزن کے لیے سلو اوور ریٹ کے باعث جرمانے کے قوانین میں بھی نظرثانی کی گئی ہے جس کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

**طویل دورانیئے کے میچزمیں جرمانے کی شرح :**

- مقررہ وقت میں 1 سے 2 اوورز کم کرنے کی صورت میں ٹیم پر 8 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا
- مقررہ وقت میں 3 سے 4اوورز کم کرنے کی صورت میں ٹیم پرپنالٹی سمیت 12 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا
- مقررہ وقت میں 5سے6 اوورز کم کرنے کی صورت میں ٹیم پر پنالٹی سمیت 16 ہزار روپے جرمانہ عائدہوگا
- مقررہ وقت میں 7سے8 اوورز کم کرنے کی صورت میں ٹیم پرپنالٹی سمیت 20 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا
- مقررہ وقت میں 9یا اس سے زائد اوورز کم کرنے کی صورت میں ٹیم پر پنالٹی سمیت 25 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا

**ایک روزہ میچزمیں جرمانے کی شرح:**

- مقررہ وقت میں 1 سے 2 اوورز کم کرنے کی صورت میں ٹیم پر 10 ہزار روپے

جرمانہ عائد ہوگا

- مقررہ وقت میں 3 سے 5اوورز کم کرنے کی صورت میں ٹیم پرپنالٹی سمیت 12 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا
- مقررہ وقت میں 6یا اس سے زائد اوورز کم کرنے کی صورت میں ٹیم پر پنالٹی سمیت 16 ہزار روپے جرمانہ عائدہوگا

**ٹی ٹونٹی میچزمیں جرمانے کی شرح:**

- مقررہ وقت میں 1اوور کم کرنے کی صورت میں ٹیم پر 10 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا
- مقررہ وقت میں 2 سے 4اوورز کم کرنے کی صورت میں ٹیم پرپنالٹی سمیت 15 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا
- مقررہ وقت میں 5یا اس سے زائد اوورز کم کرنے کی صورت میں ٹیم پر پنالٹی سمیت 20ہزار روپے جرمانہ عائدہوگا

پاکستان کپ ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ میں ڈے اینڈ نائٹ میچز کی صورت میں ٹیموں کو 30 اضافی منٹ دستیاب ہوں گے۔

**غیرملکی کھلاڑی کی اجازت:**

ڈومیسٹک ٹورنامنٹ 2019-20 کے لیے کوالیفیکیشن رولز کی شق 1.2کے مطابق کوئی بھی کھلاڑی ایک سیزن میں صرف ایک کرکٹ ایسوسی ایشن سے ہی کھیلنے کا مجاز ہوگا۔

کرکٹ ایسوسی ایشنزمنتخب کردہ تمام 32 کھلاڑیوں کو کبھی بھی فرسٹ یا سیکنڈ الیون کھیلانے کی مجاز ہوگی۔ تمام انڈر 19 کھلاڑی متعلقہ ایسوسی ایشنز کی فرسٹ یا سیکنڈ الیون کی جانب سے بھی کرکٹ کھیل سکتے ہیں۔

کرکٹ ایسوسی ایشن منتخب کردہ 32 کھلاڑیوں کے علاوہ کسی ایک غیرملکی کھلاڑی کو اسکواڈ میں شامل کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ غیرملکی کھلاڑی کو اسکواڈ میں شامل کرنے کے لیے پی سی بی کی اجازت کے درکار ہوگی۔ غیرملکی کھلاڑی کی پاکستان میں ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کے لیے متعلقہ بورڈ سے این او سی کا اجراء بھی لازم ہوگا۔ کرکٹ ایسوسی ایشن کو غیرملکی کھلاڑی کی اسکواڈ میں شمولیت کی درخواست ایک ماہ قبل دینا ہوگی۔

دورانِ سیزن غیرملکی کھلاڑی کواسکواڈ میں شامل کرنے کے لیے کرکٹ ایسوسی ایشن کو پی سی بی ڈومیسٹک کرکٹ آپریشنز ڈیپارٹمنٹ کو درخواست دینا ہوگی۔

**ہارون رشید، ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ پی سی بی:**

اس موقع پر ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ پی سی بی ہارون رشید کا کہنا ہےکہ پی سی بی قومی اور بین الاقوامی کرکٹ کے درمیان فرق کو کم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ ہارون رشید نے کہا کہ ڈومیسٹک پلیئنگ کنڈیشنز میں تبدیلیاں قومی کھلاڑیوں میں پروفیشنلزم بڑھائے گا۔ جس سے قومی کھلاڑیوں کو بین الاقوامی کرکٹ کی تیاری میں مدد ملے گی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners